ابواب بندی

مقالہ تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں "علامہ شبلی کے حالات زندگی" کے ذیل میں تین فصول قائم کی گئی ہیں جن میں پہلی فصل "علامہ شبلی کے احوال و آثار" سے متعلق ہے جس میں علامہ شبلی کی پیدائش، تعلیم و تربیت اور ان کے علمی میدان میں کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور دوسری فصل "علامہ شبلی کی تصانیف کا تعارف" پر مشتمل ہے جس میں علامہ شبلی نعمانی کی عظیم کتابوں کا تعارف مفصل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ جبکہ تیسری فصل "سیرۃ النبیؐ کا تعارف اور علامہ شبلی کے تفردات سیرۃ النبیؐ" اس میں علامہ شبلی کے دوسرے سیرت نگاروں سے منفرد انداز و اسلوب

سے متعلق بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم "علامہ شبلی نعمانی کی سیرت نگاری پر تنقیدات" سے متعلق ہے اس باب کے ذیل میں تین فصول قائم کی گئی ہیں فصل اول " مستقل کتب میں مولانا شبلی نعمانی پر تنقیدات کا تعارف و جائزہ "اس میں علامہ شبلی نعمانی کی سیرت النبی ﷺ پر جو مستقل شکل میں اور جو تبصروں کی شکل میں تنقید کی گئی ہے اس کو وضاحت سے پیش کیا گیا ہے۔ جبکہ فصل دوم "مقدمات کتب کی شکل میں تنقید" پر مشتمل ہے۔ اس میں علامہ شبلی پر لکھی گئی کتابوں کے مقدمات میں ہونے والی تنقید سے متعلق بحث کی گئی ہے۔ تیسری فصل "مقالات کی شکل میں تنقید" پر مشتمل ہے۔

باب سوم کا نام "علامہ شبلی نعمانی کی سیرت نگاری پر تنقیدات کا تحقیقی جائزہ" پر مشتمل ہے اس کے ذیل میں دو فصول قائم کی گئی ہیں فصل اول علامہ شبلی کی سیرت نگاری پر ہونے والی دلائل سے آراستہ اعتراضات پر مشتمل ہے جبکہ فصل دوم علامہ شبلی کی سیرت نگاری پر دلائل سے عاری اعتراضات پر مشتمل ہے۔